'समानो मन्त्रः समितिः समानी'

UNIVERSITY OF NORTH BENGAL

B.A. Programme 5th Semester Examination, 2023

DSE1/2-P1-URDU (501)

Time Allotted: 2 Hours | Full Marks: 60

The figures in the margin indicate full marks.

The question paper contains Section A, and B.
The candidate require to answer only one from two sections.
Candidate should mention it clearly on the answer book.

SECTION-A

مرزا غالب کا خصوصی مطالعہ

1. درج ذیل سوالوں میں سے کسی (4) کا مختصر جواب دیجئے۔ 3×4 = 12

(a) غالب کی وفات کب اور کہاں ہوئی، کہاں دفن کیے گئے؟

(b) غالب کے والد کا نام بتائیں، یہ بھی بتائیں کہ وہ کیا کرتے تھے؟

(c) غالب کی پہلی معروف سوانح کس نے لکھی؟ کتاب کا نام بتائیں.

(d) غالب کو کس وجہ سے جیل جانا پڑا تھا؟

(e) پنشن کے لیے غالب نے کس شہر کا سفر کیا تھا؟

(f) غالب نے غالب پہلے کس تخلص کو اختیار کیا تھا؟

2. کسی چار سوالوں کا جواب ڈیڑھ سو الفاظ یا دو صفحات میں لکھیں۔ 6×4 = 24

(a) غالب کی قصیدہ گوئی کے پہلو پر تبادلہ خیال کریں.

(b) غالب کے کلام میں مزاح نگاری پر اظہار خیال کریں.

(c) غالب کی مکتوب نگاری کی خصوصیات پر تبادلہ کریں اور کچھ مکتوب نگاروں کا ذکر کریں.

(d) مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح مع سیاق وسباق کیجیے۔

" جب ان عالم کے پوتوں سے کہ مجھے کھانا نہیں کھانے دیتے مجھ کو دوپہر کو سونے نہیں دیتے، ننگے ننگے پاؤں پلنگ پر رکھتے ہیں کہیں پانی لڑھاتے ہیں کہیں خاک اڑاتے ہیں میں نہیں تنگ آتا توان معنوی پوتوں سے کہ ان میں یہ باتیں نہیں ہیں کیوں گھبراؤں گا۔"

(e) مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح مع سیاق وسباق کریں:

صبح دم دروازہ خاور کھلا
مہر عالم تاب کا منظر کھلا
خسرو انجم کے آیا صرف میں
شب کو تھا گنجینہ گوہر کھلا
وہ بھی تھی اک سیمیا کی سی نمود
صبح کو رازِ مہ اختر کھلا
ہیں کواکب کچھ، نظر آتے ہیں کچھ
دیتے ہیں دھوکہ یہ بازی کھلا

(f) جان دی دی ہوئی اسی کی تھی
حق تو یوں ہے کہ حق ادا نہ ہوا

3. کسی دو سوالوں کے جواب دو سے تین سوالفاظ یا تین صفحات میں لکھیں۔ 12×2 = 24

(a) غالب کی غزل گوئی پر تبادلہ خیال کریں.

(b) غالب کے پینشن کے قضیہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ لکھیں.

(c) کیا غالب ایک خوددار انسان تھے؟ اپنی رائے بیان کریں.

(d) غالب کی مشکل پسندی کے بارے میں اپنی رائے پیش کریں.

SECTION-B

سرسید احمد خان کا خصوصی مطالعہ

1. مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی (4) کو حل کریں۔ (مختصر جواب دیں)۔ 3×4 = 12

(a) سرسید کی پیدائش کب ہوئی تھی؟

(b) سرسید سے منسوب یونی ورسٹی کا نام لکھیں.

(c) سرسید کے کسی دو ساتھیوں کے نام لکھیں.

(d) سرسید کے دو اردو مضامین کے نام لکھیں.

(e) سرسید نے 1857 کے حوالے سے جو کتاب لکھی تھی اس کا نام کیا ہے؟

(f) سرسید کی دو اہم کتابوں کے نام لکھیں.

2. مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی چار کا تفصیلی جواب دیں— (ڈیڑھ سو الفاظ یا دو صفحات پر مشتمل) 6×4 = 24

(a) سرسید احمد خان کے تعلیمی مشن پر اظہار خیال کریں.

(b) سرسید کی مضمون نگاری پر اظہار خیال کریں.

(c) سرسید کے مضمون تعصب کا خلاصہ لکھیں.

(d) سرسید کے کسی رفیق کار کے بارے میں لکھیں.

(e) سرسید کی زندگی کے اہم احوال بیان کریں.

(f) مندرجہ ذیل اقتباس میں سے کسی ایک کی تشریح مع سیاق وسباق کریں۔

(i) " خودی جو انسان کو برباد کرنے کی چیز ہے جب چپ چاپ سوئی ہوئی ہوتی ہے تو خوشامد اس کی جگاتی اور ابھارتی ہے اور جس چیز کی خوشامد کی جاتی ہے اس میں چھچھورے پن کی کافی لیاقت پیدا کر دیتی ہے، مگر یہ بات بخوبی یاد رکھنی چاہیئے کی جسطرح خوشامد ایک بدتر چیز ہے اسی طرح مناسب اور سچی تعریف کرنا نہایت عمدہ اور بہت ہی خوب چیز ہے۔ جسطرح کے لائق شاعر دوسروں کی تعریف کرتے ہیں کہ ان اشعار سے ان لوگوں کا نام باقی رہتا ہے جنکی وہ تعریف کرتے ہیں اور شاعری کی خوبی سے خود ان شاعروں کا نام بھی دنیا میں باقی رہتا ہے۔ دونوں شخص ہوتے ہیں، ایک اپنی لیاقت کے سبب سے اور دوسرا اس لیاقت کو تمیز کرنے کے سبب سے۔"

(ii) " مذہب میں متعصب شخص دوسروں کے اعتراضوں کو، جو اس کے مذہب پر نہیں، سنایا مشہور ہونا پسند نہیں کرتا اور اس سبب سے ضمناً وہ اس بات کا باعث ہوتا ہے کہ مخالفوں کے اعتراض بلا تحقیقات کیے اور بلا جواب دیے باقی رہ جاویں۔ وہ اپنی نادانی سے تمام دنیا پر گویا یہ بات ظاہر کرتا ہے کہ اس کے مذہب کو مخالفوں کے اعتراضوں سے نہایت اندیشہ اور اس کے برہم ہو جانے کا خوف ہے۔ پس یہ تمام باتیں مذہب کی درستی کی نہیں ہیں بلکہ مخالفوں کی فتح یابی اور میدان جیت لینے کی ہیں۔"

3. مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی چار کا تفصیلی جواب دیں۔ (دو سو سے تین سو الفاظ یا تین صفحات پر مشتمل) 12×2 = 24

(a) سرسید تحریک کے اثرات اردو ادب پر کیا ہوئے لکھیں.

(b) سرسید کی کسی ایک کتاب کا تفصیلی جائزہ لیں.

(c) سرسید کی خدمات ادبی صحافت کے حوالے سے لکھیں.

(d) سرسید کی تاریخ نگاری پر مضمون لکھیں.

——×——